SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
September 27, 2023

ایس ای سی پی پرائیویٹ فنڈز کی رجسٹریشن کے سٹینڈرڈائزد ستاویزات جاری کر دئے

اسلام آباد، 27 ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پرائیویٹ فنڈز کی رجسٹریشن کو سہل بنانے اور درخواست کی منظوری کے پراسیس کو تیز کرنے کے پیش نظر، پرائیویٹ فنڈ کی بطور نوٹیفائیڈ انٹیٹی رجسٹریشن کی درخواست اور مطلوبہ معلومات اور دستاویزات کے معیاری فارمیٹس جاری کیے ہیں۔ درخواست کے فارمٹ کے ساتھ مرحلہ وار رہنمائی بھی فراہم کی گئی ہے۔

معیاری دستاویزات، ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر ایڈیٹ ایبل فارمیٹس میں دستیاب ہیں۔ ان دستاویزات کی دستیابی رجسٹریشن کے لیے درکار ٹائم کو کم کریں گی اور درخواست کی تیاری میں سہولت پیدا ہو گی۔ معیاری دستاویزات میں ٹرسٹ ڈیڈ اور پرائیویٹ پلیسمنٹ میمورنڈم (ٹرسٹ سٹرکچر میں فنڈ کی رجسٹریشن کے لیے)، لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپ معاہدہ، کسٹوڈین ایگریمنٹ اور پرائیویٹ پلیسمنٹ میمورنڈم شامل ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں نجی فنڈز کی رجسٹریشن میں قابل ذکر دلچسپی دیکھی گئی ہے۔ تاہم، پرائیویٹ فنڈ مینجمنٹ کمپنیوں کی جانب سے معلومات کی فراہمی کے لئے استعمال کیے جانے والے دستاویزات، فنڈز کی رجسٹریشن میں تاخیر کی وجہ تھیں۔

پرائیویٹ فنڈ سیکٹر پر ایس ای سی پی کی جانب سے گزشتہ سال جاری کی گئی تشخیصی رپورٹ میں معیاری درخواست فارمیٹس کے اجرا کی سفارش کی گئی تھی۔ دستاویزات کی سافٹ کاپیاں ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔